# لرننگ پوڈ کی میزبانی کر نی ہے؟

URDU

COVID-19 عالمی وباء کے ردّعمل کے طور پر، آسٹن کے کچھ والدین اپنے بچوں کو لرننگ ''پوڈ'' کے ساتھ جوڑ رہے ہیں۔ یہ پوڈ مختلف نوعیت کے ہو سکتے ہیں، جس میں شامل ہیں لیکن ان ہی تک محدود نہیں:

- **سہولت والے پوڈ**- ایک سہولت کار، جو ایک سند یافتہ استاد ہوسکتا ہے یا نہیں بھی، وہ بچوں کی نگرانی اور مدد کرتا ہے جبکہ بچے اور وہ اپنے اسکول کی ریموٹ لرننگ والی سرگرمیوں میں مشغول رہتے ہیں۔
- **کو-آپس**- دو یا زیادہ خاندانوں کے والدین ریموٹ لرننگ کے لئے باری باری تمام بچوں کی اپنے گھروں میں میزبانی کرتے ہیں۔
- **مائیکرو-اسکول**- ایک سند یافتہ استاد ان بچوں کو پڑھاتا ہے جن کا باضابطہ طور پر کسی اسکول میں داخلہ نہ ہوا ہو اور نہ ہی وہ کسی اسکول کے ریموٹ نصاب کا استعمال کر رہے ہوں۔
- **خاندان، دوست، اور پڑوسی کی دیکھ بھال**- دن کے وقت ایک یا زیادہ خاندانوں کے اسکول جانے والے بچوں کی دیکھ بھال کے لئے ایک اہل خانہ، دوست، یا پڑوسی کی جانب سے نگہداشت کا غیر رسمی بندوبست۔
- **کمیونٹی لرننگ سپیس**- معاشرتی تنظیموں، والدین کے گروپوں، مذہبی تنظیموں، یا عوامی اداروں کی جانب سے چلایا جانے والا جو ریموٹ انسٹرکشن کے اوقات میں طلبہ کو ذاتی طور پر مدد فراہم کرتا ہے۔

بچوں کے دوبارہ سے اسکول جانے کے لئے جو COVID-19 صحت سے متعلق خدشات ہیں اسی طرح، لرننگ پوڈ کے لئے بھی صحت اور حفاظت سے متعلق تحفظات ہیں۔ آسٹن پبلک ہیلتھ پوڈ کی میزبانی کرنے والوں سے یہ توقع کرتا ہے کہ ان کے پاس صحت اور حفاظت کا ایک مفصل منصوبہ ہونا چاہئے۔ میزبان کو چاہئے کہ وہ طلباء کو محفوظ رکھنے اور COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے اقدامات کرے۔ پوڈس میں COVID-19 کے تمام خطرات کو کم کرنا ممکن نہیں ہے۔ میزبان کو یہ امکان مدّ نظر رکھتے ہوئے منصوبہ بنانا چاہئے کہ پوڈ میں ایک یا زیادہ افراد COVID-19 کی زد میں آ سکتے ہیں۔

**کیا آپ کے پاس کوئی COVID-19 صحت اور حفاظت کا منصوبہ ہے جس میں درج ذیل باتیں شامل ہوں؟**

***1.*** **گھر پر علامت کی اسکریننگ** (اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 17 ملاحظہ کریں۔)

- ☐ APH تجویز کرتا ہے کہ کیا ہر دن پوڈ میں شامل ہونے سے پہلے تمام پوڈ کے شرکاء کی گھر پر COVID-19 کی علامات اور اس کی زد میں آنے کے لئے اسکریننگ کی جائے۔

***2.*** **چہرے کے نقاب** (اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 14-16 ملاحظہ کریں۔)

- ☐ آسٹن ہیلتھ اتھارٹی کے قواعد کے مطابق، 10 سال اور اس سے زیادہ عمر کے افراد کو اپنے گھر سے باہر ہوتے ہوئے چہرہ ڈھانپنا ضروی ہے۔
- ☐ APH تجویز کرتا ہے کہ 2 سال اور زیادہ عمر کے بچوں کو چہرے کو ڈھانپنا چاہئے۔

***3.*** **سماجی دوری**(اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ 13 ملاحظہ کریں)

- ☐ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے گھر کے اندر اور باہر کی جگہیں اتنی وسیع ہوں کہ شرکاء اس میں ایک دوسرے سے 6 فٹ کی دوری بنا سکیں۔

***4.*** **ہاتھ کی صحت مند حفظان صحت** (اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 12 ملاحظہ کریں۔)

- ☐ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس صابن، ہینڈ سینیٹائزر، اور ٹشوز کی وافر مقدار دستیاب ہے جن تک بچوں کو رسائی حاصل ہو۔
- ☐ شرکاء کے لئے پورا دن اہم اوقات میں بار بار ہاتھ دھونے کے لئے کوئی منصوبہ بنائیں۔

**5.** **صفائی اور جراثیم کشی** (اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 19 ملاحظہ کریں۔)

- ☐ درج ذیل چیزوں کی معمول کی صفائی اور جراثیم کشی کا شیڈول بنائیں:
  - ☐ پوڈ کے ذریعہ استعمال شدہ اکثر چھوئی جانے والی سطحیں اور خالی جگہیں
  - ☐ کھلونے اور سامان جنہیں سانجھا کیا جانا لازمی ہے
- ☐ اگر کوئی بیمار ہوجاتا ہے تو صفائی اور ڈس انفیکشن سے متعلق CDC کی ہدایات کی پیروی کریں۔
- ☐ وہ مصنوعات استعمال کریں جو EPA ڈس انفیکشن کے معیارات پر پورا اترتی ہوں۔
- ☐ صفائی ستھرائی کی مصنوعات کا استعمال بچوں کے قریب نہ کریں، اور بڑوں کو یہ یقینی بنانا چاہئے کہ ان مصنوعات کا استعمال کرتے وقت مناسب وینٹیلیشن ہو تاکہ بچوں کو یا خود کو زہریلے دھوئیں سے بچایا سکے۔

6. **کھانا اور سنیکس** (اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 24-25 ملاحظہ کریں۔)
- ☐ جب ممکن ہو تو، بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے کھانے، برتن اور ریفلیبل پانی کی بوتلیں ساتھ لائیں۔
- ☐ میزبان کو چاہئے کہ وہ جو بھی ہلکہ پھلکہ ناشتہ یا کھانا پیش کرے وہ سب کے لئے مختلف پلیٹوں میں یا پیک کر کے ہونا چاہئے، بجائے اس کے کہ بوفے یا فیملی سٹائل میں پیش کرے۔ ڈسپوزایبل پلیٹیں، کپ اور برتن استعمال کریں۔
- ☐ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کھانے کے دوران بچے کم از کم 6 فٹ فاصلے پر ہوں۔

7. COVID **جیسی علامت** (علامات) ظاہر کرنے والے افراد کی علیحدگی (اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 31 ملاحظہ کریں)

COVID-19 ٹیسٹنگ کے بارے میں یہاں معلومات حاصل کریں۔

- ☐ COVID-19 کی علامات ظاہر کرنے والے افراد کو الگ تھلگ کرنے کے لئے کوئی جگہ مخصوص کریں۔
- ☐ مناسب حفاظتی اقدامات نافذ کریں تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ بچوں کو محفوظ طریقے سے، بڑوں کی نظروں کے سامنے، اور بہت ہی کم وقت کے لئے الگ تھلگ کیا گیا ہے۔
- ☐ اگر کسی کے بچے میں علامات ظاہر ہو رہی ہوں تو والدین کو فوری طور پر مطلع کیا جائے تاکہ بچے کو جلدی سے وہاں سے لے کر گھر لایا جاسکے۔
- ☐ استعمال کے درمیان علیحدگی کی جگہ کو CDC کی صفائی اور جراثیم کشی سے متعلق ہدایاتکے مطابق صاف کیا جانا چاہئے۔

8. **COVID-19 مثبت معاملہ**(اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 36-34 اور 39 ملاحظہ کریں۔)
- ☐ قریبی رابطوں سے مراد ایسے افراد ہیں جو کم از کم 15 منٹ کے لئے کسی COVID-19 سے متاثرہ شخص کے ارد گرد 6 فٹ تک رہے ہوں، 48 گھنٹوں کے دوران اس شخص کو بیماری کا احساس ہونے سے لے کر اس کے خود ساختہ تنہائی شروع کرنے تک۔
- ☐ پوڈ میں شریک کوئی بھی فرد جس کے COVID-19 ٹیسٹ کے نتائج مثبت آئیں، اسے چاہئے کہ تنہائی سے متعلق CDC کی ہدایات پر عمل کرے۔

جو لوگ COVID-19 کی وجہ سے محفوظ طریقے سے خود کو علیحدہ رکھنے سے قاصر ہیں ان کے لئے مفت رہائش کے بارے میں یہاں زیر عنوان ’’علیحدگی مرکز‘‘۔

- ☐ فوری طور پر اس شخص کے قریبی رابطوں کی نشاندہی کریں اور ان کے اہل خانہ کو ممکنہ خطرے سے آگاہ کریں۔
- ☐ قریبی رابطوں کو تجویز دی جائے کہ وہ متاثرہ فرد سے رابطہ میں آنے کے وقت سے اگلے 14 دنوں کے لئے قرنطینہ میں ہی رہیں۔ جب تک کہ 14 دن کا قرنطینہ پورا نہ ہو جائے، قریبی رابطوں کو پوڈ میں واپس نہیں آنا چاہئے۔
- ☐ پوڈ میں رہنے والے خاندانوں کو APH تجویز کرتا ہے کہ اگر ان کے کسی اہل خانہ کو COVID-19 نکل آئے تو پوڈ کے میزبان کو مطلع کریں۔ APH تجویز کرتا ہے کہ میزبان فوری طور پر دیگر خاندانوں کو ممکنہ خطرے کے بارے میں مطلع کرے۔

## کیا آپ نے بھی صحت اور حفاظت کے ان اقدامات کے بارے میں سوچا ہے؟

1. **تربیت اور حفاظت**
- ☐ کسی بھی قسم کے جسمانی نظم و ضبط کا بالکل بھی استعمال نہ کریں۔ اچھے رویہ کی مثبت طاقت کا استعمال کریں۔ جب بچوں کو اپنا طرز عمل تبدیل کرنے کی ضرورت ہو تو ان کی رہنمائی کریں۔ نامناسب سلوک پر پُر سکون رد عمل ظاہر کریں۔ ان ویب سائٹوں پر تجاویز اور تربیت ملاحظہ کریں:شَعُوری نظم و ضبط اور ٹرپل پی مثبت والدین سے مُتعلق پروگرام۔
- ☐ CPR اور فرسٹ ایڈ میں موجودہ تربیت / تصدیق حاصل کریں
- ☐ ایک فرسٹ ایڈ کٹ تیار رکھیں۔
- ☐ ٹیکساسA&M ایگریلیف ایکسٹینشن کی جانب سے پیش کردہ مندرجہ ذیل کورسز کریں:COVID-19 کے دوران انفیکشن کنٹرول کیلئے خصوصی تحفظات۔
- ☐ دنیا بھر میں محفوظ بچے ویب سائٹ سے حفاظتی نکات کا جائزہ لیں۔
- ☐ مجرمانہ پس منظر کی جانچ کروائیں اور میزبان کے گھر کے تمام بالغ افراد کی جرمانہ پس منظر کی جانچ کروائیں۔
- ☐ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس تمام والدین/سرپرستوں کے رابطہ کی معلومات اور ہر بچے کے لئے ایک بیک اپ ایمرجنسی رابطہ نمبر ہے۔
- ☐ والدین سے ان کے بچوں کی اہم معلومات پتہ کریں جیسے ان کی الرجی اور دوائیاں۔
- ☐ چائلڈ کیئر فراہم کرنے والوں کے لئے ٹیکساس صحت اور انسانی خدمات کے کم از کم معیارات کا جائزہ لیں اور اس پر عمل کریں۔

**2. ماحولیاتی حفاظت**

- ☐ اگر آپ کے گھر میں اسلحہ موجود ہے تو، یقینی بنائیں کہ وہ بند کیا ہوا اور بچوں کی پہنچ سے دُور ہو۔ گولہ بارود اور اسلحے کو الگ سے رکھا جانا چاہئے۔
- ☐ اپنے گھر میں سموک ڈٹیکٹرس (دھویں کا پتہ چلانے والے آلے) کو چیک کر لیں یہ یقینی بنانے کے لئے کہ وہ کام کرنے کی مناسب حالت میں ہیں۔
- ☐ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچوں کو اُن چھوٹے راستوں کا علم رہے جن کاس استعمال آگ لگنے یا دیگر ہنگامی صورتحال میں کیا جانا ہے۔
- ☐ یقینی بنائیں کہ صفائی کا سامان، کیمیکل اور دوائیاں محفوظ طریقے سے رکھی گئی ہیں اور بچوں کی پہنچ سے دُور ہیں۔
- ☐ کیا وہاں پر پول یا کوئی اور پانی والی جگہ ہے تو، یقینی بنائیں کہ اس کے ارد گرد باڑ لگی ہوئی ہے اور اس کا دروازہ بند ہے۔ کسی بڑے کی موجودگی کے بغیر بچوں کو پانی کے قریب نہ جانے دیں۔ جب بھی بچے پانی میں ہوں یا اس کے قریب ہوں تو چاہئے کہ ایک بالغ ہر وقت ان پر نظر رکھے۔ پانی کی حفاظت سے متعلق نکات پر عمل کریں۔

**3. پوڈ میں رہ رہے خاندان**

- ☐ کیا آپ پوڈ میں موجود دوسرے خاندانوں اور بچوں کو جانتے ہیں؟
- ☐ ان خاندانوں سے بات کریں جو پوڈ میں شامل ہوسکتے ہیں اس بارے میں کہ وہ COVID-19 سے بچنے کے لئے کیا اقدامات کررہے ہیں۔ مثال کے طور پر، کیا وہ چہرے کو ڈھانپ رہے ہیں، جسمانی طور پر دوری کررہے ہیں، بڑے اجتماعات سے گریز کررہے ہیں، اور غیر ضروری طور پر باہر جانے سے بچ رہے ہیں؟
- ☐ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام خاندان اپنی اور پوڈ کی حفاظت کے لئے کئے جانے والے اقدامات پر متفق ہوں۔
- ☐ COVID-19 پھیلنے کے خطرے کو کم کرنے کے لئے پوڈ کو بچوں اور بڑوں کے ایک چھوٹے، مستحکم گروپ تک محدود کریں۔
- ☐ آسٹن ہیلتھ اتھارٹی کے قواعد کے مطابق، 10 سے زیادہ افراد ایک ساتھ جمع نہیں ہوسکتے۔

**4. زیادہ خطرہ والے افراد** *(اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 11-10 ملاحظہ کریں)*

- ☐ تمام خاندانوں کو مطلع کردیں کہ اگر ان کے گھر کے کسی فرد کی صحت کی کیفیت ایسی ہے کہ اسے COVID-19 سے شدید بیماری کا زیادہ خطرہ ہے تو پوڈ میں رہنے سے یہ خطرہ مزید بڑھ سکتا ہے۔

**5. بیرونی اوقات**

- ☐ جب بھی ممکن ہو تو، خطرہ کو کم سے کم کرنے کے لئے پڑھائی، کھانا، اور کھیل وغیرہ سرگرمیاں باہر کروائیں۔
- ☐ اگر ممکن ہو تو، بیرونی سرگرمیاں سایہ دار یا ڈھکی ہوئی جگہوں میں رکھیں۔
- ☐ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچے بیرونی سرگرمیوں کے لئے باقاعدگی سے سنسکرین لگائیں اور دوبارہ لگائیں اور ٹیکساس کی گرمی میں آبیدہ رہنے کے لئے کافی مقدار میں پانی پئیں۔
- ☐ APH تجویز کرتا ہے کہ باہر رہتے ہوئے تمام شرکاء چہرے کے نقاب پہنیں۔ بچے باہر فعال جسمانی سرگرمیوں میں حصے لیتے وقت اپنے ماسک نکال سکتے ہیں بشرطیکہ وہ 6 فٹ کی دوری بنا سکیں۔
- ☐ گھر کے اندر اور باہر کیڑوں پر قابو پانے کیلئے اقدامات کریں۔
- ☐ بیرونی جگہوں کو اچھی حالت میں رکھیں۔ بچوں کے استعمال سے پہلے بیرونی جگہوں کی روزانہ جانچ کریں اور خطرناک چیزوں کو دور کریں۔

**6. نقل و حمل**

- ☐ APH تجویز کرتا ہے کہ ہر خاندان اپنے بچے (بچوں) کو خود ہی چھوڑے گا اور واپس لے کر جائے اور پوڈ کے میزبان بچوں کے نقل و حمل کا انتظام نہ کریں۔
- ☐ اگر میزبان بچوں کے نقل و حمل کا انتظام کر رہا ہے تو، یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس محفوظ طریقے سے ایسا کرنے کے لئے درکار سامان موجود ہے اور آپ کو اس ضمن میں تمام قوانین کا علم ہے (یعنی آپ کے پاس موجودہ ڈرائیورنگ لائسنس ہے اور آپ کے زیر نگرانی بچوں کے لئے کافی سیٹ بیلٹس، مناسب طریقے سے نصب کار کی سیٹیں اور بوسٹر کی سیٹیں بھی موجود ہیں، 13 سال سے کم عمر کے بچوں کو بیک سیٹ میں بٹھانا چاہئے، وغیرہ)۔

## چائلڈ کیئر کے ضوابط کی معلومات

ٹیکساس ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز چائلڈ کیئر ریگولیشنز (CCR) چائلڈ کیئر فراہم کرنے والوں کی نگرانی کرکے اور انہیں تعلیم دے کر بچوں کی حفاظت کرتا ہے۔ CCR کی ذمہ داریوں میں شامل ہے:

- کیئر میں موجود بچوں کی صحت، حفاظت اور فلاح و بہبود کے تحفظ کے لئے تمام چائلڈ کیئر آپریشنس اور چائلڈ پلیسنگ ایجنسیوں کی نگرانی کرنا۔

- ریاستی لائسنسنگ کے معیارات، قواعد و ضوابط کی تعمیل کے لئے آپریشنز اور ایجنسیوں کو اجازت دینا اور نگرانی کرنا۔
- چائلڈ کیئر اور رہائشی چائلڈ کیئر آپریشنز میں کم از کم معیارات کی خلاف ورزی پر مبنی شکایات کی تفتیش کرنا۔
- چائلڈ کیئر کے بارے میں والدین اور عوام کو آگاہ کرنا، جس میں شامل ہے کہ کیسے مخصوص چائلڈ کیئر اور رہائشی چائلڈ کیئر آپریشنز دیکھ بھال کے کم از کم معیارات کی تعمیل کررہے ہیں۔
- لائسنسنگ کے لئے کم از کم معیارات، قواعد، اور قوانین کو پورا کرنے کے لئے چائلڈ کیئر فراہم کنندگان کو تکنیکی مدد فراہم کرنا۔

**گھروں میں چائلڈ کیئر**

ایک رہائشی گھر جس میں میزبان کے رشتہ دار بچوں کو چھوڑ کر، تین یا اس سے کم بچوں کے لئے معاوضے کے عوض باقاعدہ طور پر دیکھ بھال فراہم کی جا رہی ہو، اسے CCR کے پاس **فیملی ہوم کے طور پر درج** کیا جانا ضروری ہے۔ ایک رہائشی گھر جس میں میزبان کے رشتہ دار بچوں کو چھوڑ کر، چار یا اس سے زیادہ بچوں کے لئے معاوضے کے عوض دیکھ بھال فراہم کی جا رہی ہو، اسے CCR کے پاس **رجسٹرڈ چائلڈ کیئر ہوم کے طور پر درج** کیا جانا ضروری ہے۔

چائلڈ کیئر کے لئے گھر فراہم کرنے والا بننے سے متعلق معلومات کے لئے CCR کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ اس بارے میں مزید جاننے کے لئے کہ آیا آپ کو لائسنس، رجسٹریشن، یا لسٹنگ حاصل کرنا چاہئے کہ نہیں، CCR کی ویب سائٹ پر لائسنس کی ضروریات ملاحظہ کریں۔ فراہم کنندگان کو افتتاح کے تین ہفتوں کے اندر ہی لسٹنگ، رجسٹریشن، یا لائسنس حاصل کرنا ہوگا۔

اگر آپ اپنے گھر میں پوڈ کی میزبانی کرنا چاہتے ہیں اور فی الحال آپ کے پاس چائلڈ کیئر کا لائسنس نہیں ہے تو، غیر اصولی آپریشن یونٹ سے unregulatedoperations@hhsc.state.tx.us پر رابطہ کریں۔ ایسے ممکنہ فراہم کنندگان جو لائسنس، رجسٹریشن، یا لسٹنگ کی بجائے استثنا حاصل کرنے کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں، وہ غیر اصولی آپریشن یونٹ سے unregulatedoperations@hhsc.state.tx.us پر رابطہ کریں۔

**آجر پر مبنی چائلڈ کیئر**

ایک چھوٹا آجر پر مبنی چائلڈ کیئر آپریشن چلایا جا سکتا ہے اگر وہ درج ذیل معیارات پر پورا اترتا ہو:

- آجر کے مکان میں واقع ہو۔
- اس میں 100 سے کم کل وقتی ملازمین کام کر رہے ہوں۔
- آجر کے ملازمین کے کل 12 بچوں کو دیکھ بھال اور نگرانی فراہم کرتا ہو۔

اگر کوئی کاروبار مندرجہ بالا وضاحت کے علاوہ اپنے ملازمین کے لئے چائلڈ کیئر/لرننگ پوڈ کی خدمات مہیا کرنا چاہتا ہے تو ، یا تو انہیں لائسنس حاصل کرنا ہوگا (اور کم از کم معیارات کی تعمیل کرنی ہوگی) یا وہ استثنا حاصل کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں (مستثنیٰ آپریشنز کو کم از کم معیارات کی تعمیل کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی)۔

پس منظر کی جانچ

دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ 1-800-645-7549 پر کال کرکے CCR کے ذریعے اپنے پس منظر کی جانچ مکمل کریں۔ پس منظر کی جانچ کے نتائج آنے میں کم سے کم دو ہفتے لگ سکتے ہیں۔

## اجازت دینا

کسی رہائشی عمارت میں، یا رہائش گاہ کے علاوہ کسی اور جائیداد میں، چھ سے زیادہ افراد کی دیکھ بھال کے انتظامات کرنے کے لئے ترقیاتی خدمات سے منظوری درکار ہوگی۔ مزید معلومات کے لئے، براہ کرم ترقیاتی خدمات سے 512-974-6370 یا dsddsc@austintexas.gov پر رابطہ کریں۔